© rasailojaraid.com

اس کے علاوہ جن ضروری فقہی مسائل کا سیرت کے کسی خاص محل سے خاص تعلق تھا ان کا بھی ذکر کر دیا ہے۔ مثال کے طور پر فتح مکہ میں اراضی حرم کا حکم، عمرۃ القضاء میں نکاح محرم کی بحث غزوۂ خیبر اور فتح مکہ میں متعہ کی بحث اور خلافت و امامت کی بحث حجۃ الوداع میں وغیرہ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اعمام و عمات اور ان کی اولاد، امہات المومنین اور ان کے انساب اور صحابہ کرام کے آپس کے رشتوں کی تفصیلات بھی دی گئی ہیں۔ مشتبہ اسماء، مشکل الفاظ اور مقامات کا صحیح تلفظ بھی بتایا گیا ہے۔ آغاز میں فاضل مؤلف نے سیرت سے متعلق اہم مباحث اور تاریخ عرب قبل البعثت پر ایک مبسوط مقدمہ سپردِ قلم کیا ہے۔

دوسرے حصے میں فاضل مؤلف کے پیش نظر دلائل النبوہ، معجزات، شمائل اور تعلیمات وغیرہ پیش کرنا تھا مگر شاید یہ حصہ یا تو لکھا ہی نہیں گیا یا لکھا گیا تو شائع نہیں ہوا۔ بہر حال زیر نظر کتاب مندرجۂ بالا مباحث ہی پر مشتمل ہے اور اپنی خصوصیات کے لحاظ سے طالب علم حضرات کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔

**عورت اسلامی معاشرے میں** | مصنف: مولانا سید جلال الدین انصر عمری۔ ناشر: اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ۔ شاہ عالم مارکیٹ لاہور۔ قیمت اعلیٰ ایڈیشن: ۶ روپیہ۔ سستا ایڈیشن: ۳ روپیہ ۵ پیسے۔ ضخامت: ۵۴۴ صفحات۔

زیر نظر کتاب میں فاضل مصنف نے اسلامی معاشرے میں عورت کی سیاسی، تمدنی، تہذیبی اور معاشرتی حیثیت اور اس کے تمام پہلوؤں کو اجاگر کرنے کی کوشش کی ہے۔ فاضل مصنف کا اصل مقصود یہ دکھانا ہے کہ اگر کسی معاشرے نے عورت کو اس کا صحیح مقام و مرتبہ دیا ہے تو وہ صرف اسلامی معاشرہ ہے۔ اس کے سوا تمام معاشروں نے خواہ وہ قدیم یونان و روم کا معاشرہ ہو یا جدید یورپ کا معاشرہ اور خواہ وہ ہندو معاشرہ یا عیسائی معاشرہ عورت کو غلط نقطۂ نظر سے دیکھا اور غلط سلوک کیا۔ ہماری رائے میں یہ کتاب اس موضوع پر اچھا تقابلی مطالعہ ہے

**التحریر فی اصول التفسیر** | مؤلف: حضرت مولانا محمد مالک صاحب شیخ الحدیث دار العلوم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اسلامیہ ٹنڈو الہ یار۔ ناشر: قرآن محل۔ مقابل مولوی مسافر خانہ۔ کراچی ۱ قیمت: چھ روپیہ
ضخامت: ۴۳۰ صفحات

زیر نظر کتاب ان حضرات کی دلچسپی کا باعث ہوگی جو قرآن مجید سے شغف رکھتے ہیں اور ان کا شغف صرف تلاوت تک محدود نہیں ہے بلکہ وہ اس عظیم کتاب کے بارے میں کچھ جاننا بھی چاہتے ہیں۔ فاضل مؤلف نے اس کتاب میں قرآن مجید کے بارے میں ہمہ اقسام کی معلومات جمع کر دی ہیں۔ کتاب کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے حصے میں فضائل قرآن، نزول قرآن، وحی، اقسام وحی، مکی و مدنی آیات، جمع و تدوینِ قرآن، سورتوں کی ترتیب وغیرہ معلومات جمع کی گئی ہیں۔ دوسرے حصے میں تفسیر اور علوم قرآن سے متعلق مواد جمع کیا گیا ہے۔ مجموعی طور پر فہم قرآن کے موضوع پر یہ ایک اچھی کتاب ہے۔

**تاریخ فقہ** تالیف: علامہ شیخ محمد خضری بک۔ ترجمہ: مولانا محمد تقی عثمانی و مولانا حبیب احمد ہاشمی۔ ناشر: دار الاشاعت۔ مولوی مسافر خانہ کراچی ۱ قیمت: نو روپیہ ضخامت: ۵۹۰ صفحات

اردو زبان کا دامن تاریخِ فقہ کے موضوع پر بلند پایہ کتابوں سے خالی ہے۔ دار الاشاعت کراچی کے منتظمین اردو داں حضرات کے شکریے کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اس کمی کو علامہ خضری بک کی مشہور کتاب تاریخ التشریع الاسلامی کے ترجمے سے پورا کر دیا۔

علامہ خضری بک نے اپنی اس کتاب کو شخصیات کے بجائے زمانوں کے اعتبار سے مرتب کیا ہے اور کل مدت کو چھ ادوار میں تقسیم کر کے فقہ کے ارتقاء کا نقشہ پیش کیا ہے۔ ہر دور کے ممتاز فقہاء، فقہی مکاتب اور کتابوں کا تذکرہ کیا ہے۔ اگرچہ فاضل مصنف کی بعض آراء سے اختلاف کیا جا سکتا ہے تاہم مجموعی طور پر کتاب وقیع اور مفید ہے۔

فاضل مترجمین نے ترجمہ محنت سے کیا ہے لیکن اس میں شگفتگی اور روانی کی کمی محسوس ہوتی ہے۔ کتاب کا معیارِ کتابت و طباعت اچھا ہے البتہ کہیں کہیں اغلاط رہ گئی ہیں۔ اس طرح کی کتابوں میں اغلاط کا رہ جانا بہت کھٹکتا ہے۔ ضرورت ہے کہ آئندہ ایڈیشن کی تصحیح زیادہ دقتِ نظر

© rasailojaraid.com